# کلُسّیِوں
# کے نام پَولُسؔ کا خط

1 یہ خط خُدا کی مرضی سے المسیح یِسوعؔ کے رسول پَولُسؔ* اَور
بھائی تِیمُتھِیُس کی جانِب سے،
2 کُلُسّے شہر کے اُن مُقدّس اَور المسیح میں وفادار ساتھی مُومِن
بھائیوں اَور بہنوں کے نام لِکھّا ہُوا خط:
ہمارے خُدا باپ† کی طرف سے تُمہیں فضل اَور اِطمینان حاصل
ہوتا رہے۔

## شُکر گُزاری اَور دعا

3 جَب ہم تمہارے لِئے دعا کرتے ہیں تو ہمیشہ اَپنے خُداوؔند یِسوعؔ
المسیح کے باپ، یعنی خُدا کا شُکر اَدا کرتے ہیں،
4 کیونکہ ہم نے سُنا ہے کہ تُم خُداوؔند المسیح یِسوعؔ پر ایمان رکھتے
ہو اَور سَب مُقدّسین سے کِس قدر مَحَبّت کرتے ہو۔
5 تمہارا یہ ایمان اَور مَحَبّت اُس چیز کی اُمّید کے سبب سے ہے جو
تمہارے لِئے آسمان پر جمع کرکے رکھی ہُوئی ہے اَور جِس کا ذِکر تُم
نے پہلے ہی انجیل کے برحق کلام میں سُنا تھا

* 1:1 رسول پَولُسؔ یہ پَولُسؔ رسول ہی ہیں جنہوں نے یہ خط لِکھّا تھا جَب کہ تِیمُتھِیُس
صِرف آداب تسلیمات میں ہی پَولُسؔ کے ساتھ شامل ہوئے تھے۔ † 1:2 باپ کچھ مخطوطات
میں باپ اَور خُداوؔند یِسوعؔ المسیح لِکھّا ہے۔

6 یہ پیغام جو تمھارے پاس پہُنچ چُکاھے۔ ٹھیک اُسی طرح پُوری
دُنیا میں پھیل رہا اَور ترقّی کر رہاھے، جِس طرح یہ تمھارے درمیان
بھی اُسی دِن سے کام کر رہاھے جِس دِن تُم نے پہلی مرتبہ اِسے سُن
کر خُدا کے فضل کی پُوری حقیقت سمجھ لی تھی۔
7 تُم نے اُس کی تعلیم ھمارے عزیز ھم خدمت اِپفِراسؔ سے سیکھی،
جو ھماری طرف سے تمھارے درمیان المسیح کا وفادار خادِم ھے۔
8 اِپفِراسؔ نے ھمیں بتایا کہ پاک رُوح نے تمھارے اَندر کیسی مَحَبّت
پیدا کی ھے۔

9 اِس لئے جِس دِن سے ھم نے آپ لوگوں سے یہ سَب باتیں سُنی
ھیں، ھم بھی تمھارے واسطے خُدا سے بلاناغہ دعا کرتے اَور درخواست
کرنے سے باز نہیں آتے کہ تُمھیں خُدا اَپنی مرضی کے علم سے، رُوحانی
حِکمت اَور سمجھ سے معمُور کر دے جسے پاک رُوح مُہیّا کرتا ھے۔
10 تا کہ تمھاری زندگی خُداوؔند کے لائق ھو اَور خُداوؔند کو ھر طرح
سے خُوش کرنے والی ھو: اَور سَب نیک کام میں پھلدار بنو، اَور خُدا
کے علم و عِرفان میں بڑھتے چلے جاؤ،
11 تُم لوگوں کے لِئے ھماری دعا ھے کہ تُم خُدا کی جلالی قُدرت
سے مِلنے والی ھر طرح کی قُوّت سے مضبُوط ھوتے جاؤ تا کہ تُم میں
بےحد تحمُّل اَور صبر پیدا ھو،
12 اَور خُوشی سے خُدا باپ کا شُکر کرتے رہو جِس نے تُمھیں‡ نُور

‡ **1:12** تُمہیں کُچھ قدیمی مخطوطات میں ھم لِکھّا ھے۔

کی بادشاھی میں اَپنے مُقدّس لوگوں کی مِیراث میں شامل ہونے کے
لائق بنایا،
13 کیونکہ خُدا نے ھمیں تاریکی کے قبضہ سے چُھڑا کر اَپنے عزیز
بیٹے کی بادشاھی میں داخل کیا ھے،
14 اُسی عزیز بیٹے کے ذریعہ ھمیں مخلصی، یعنی گُناھوں کی مُعافی مِلی
ھے۔

## حضُور یِسوعؔ المسیح کی عظمت

15 اِبن خُدا پوشیدہ خُدا کی صورت اَور تمام مخلُوقات میں پہلوٹھے
ھیں۔
16 کیونکہ المسیح کے وسیلہ سے سَب کچھ خلق کیا گیا: چاھے وہ
چیزیں آسمان کی ھوں یا زمین کی، نمُودار ھوں یا پوشیدہ، شاھی تخت
ھوں یا اُن کی قُوّتیں، حُکمران ھوں یا تمام صاحبِ اِختیار؛ سَب چیزیں
المسیح کے ذریعہ اَور اُن ھی کے خاطِر پیدا ھُوئی ھیں۔
17 وہ سَب چیزوں سے پہلے ھیں اَور المسیح میں ھی سَب چیزیں قائِم
ھیں۔
18 اَور وُھی بَدن یعنی جماعت کا سَر ھیں اَور وُھی پہلے مُردوں میں
سے جی اُٹھنے والوں میں پہلوٹھے ھیں تا کہ سَب چیزوں میں پہلا درجہ
اُن ھی کا ھو۔
19 کیونکہ خُدا کو یہ پسند آیا کہ خُدا کی ساری معمُوری المسیح
میں سکونت کرے،
20 اَور المسیح کے صلیب پر بہائے گیٔے خُون کے وسیلے سے، سَب
چیزوں کا چاھے وہ آسمان کی ھوں، یا زمین کی، اَپنے ساتھ صُلح کر
لے۔

21 کسی وقت تُم خُدا سے بہت دُور تھے، اَور اَپنے ذہنوں میں دُشمنی
رکھ کر بُرے کاموں میں مشغُول تھے۔
22 لیکن اَب اُس نے المسیح کی جِسمانی موت کے وسیلہ سے
تمہارے ساتھ صُلح کرلی ہے تاکہ وہ تُمھیں پاک، بے عیب اَور بے
اِلزام بنا کر اَپنے حُضُور میں پیش کرے۔
23 بشرطیکہ تُم اَپنے ایمان کی پُختہ بُنیاد پر قائِم رہو، اَور اُس خُوشخبری
کی اُمّید کو جسے تُم نے سُنا تھا، نہ چھوڑو، جِس کی مُنادی آسمان
کے نیچے ساری مخلُوق میں کی گئی، اَور مَیں پَولُسؔ اُسی کا خادِم بنا۔

## جماعت قائِم کرنے میں پَولُسؔ کی محنت

24 اَب تمہاری خاطِر دُکھ اُٹھانا بھی میرے لئے خُوشی کا باعث ہے،
کیونکہ مَیں اَپنے جِسم میں المسیح کی مُصیبتوں کی کمی کو اُس کے
بَدن، یعنی جماعت کی خاطِر پُورا کر رہا ہُوں۔
25 خُدا نے اَپنے کلام کو پُورے طور پر تُمھیں مُنادی کرنے کی ذمّہ
داری میرے سُپرد کی اَور مُجھے اَپنی جماعت کا خادِم مُقرّر کیا
26 یعنی وہ راز جو تمام زمانوں اَور پُشتوں سے پوشیدہ رہا، لیکن اَب
خُدا کے مُقدّسین پر ظاہر ہُوا ہے۔
27 جنہیں خُدا نے مُنتخب کیا کہ غَیریہُودیوں کے درمیان اُس بیش
قیمتی اَور جلالی راز کو ظاہر کرے، وہ راز المسیح ہیں جو جلال کی
اُمّید ہیں، اَور تُم میں بسے ہوئے ہیں۔
28 ہم اُسی المسیح کی مُنادی کرتے، اَور کمال دانائی سے ہر ایک

کو نصیحت کرتے اَور تعلیم دیتے ہیں، تاکہ ہر شخص کو المسیح میں
کامِل کرکے اُسے خُدا کے حُضُور پیش کر سکیں۔
29 اَور اِسی مقصد سے میں المسیح کی اُس عظیم قُوّت کے مُوافق جو
مُجھ میں تاثیر کرتی ہے، جانفشانی سے سخت محنت اَور جدّوجہد کرتا
ہوں۔

## 2

1 میں چاہتا ہُوں کہ تُم جان لو کہ میں نہ صِرف تمہارے لئے بَلکہ
لَودِیکیہؔ شہر والوں کے لئے، اَور اُن تمام مُومِنین کے لئے بھی کتنی سخت
جدّوجہد کر رہا ہوں اَور جِن لوگوں سے میں ذاتی طور سے نہیں مِلا۔
2 میری کوشش یہ ہے کہ اُن کی دِلی حوصلہ اَفزائی کرکے آپسی
مَحَبّت میں ایک کیا جائے، تاکہ وہ عقل و دانش کی ساری دولت پائیں
اَور خُدا کے راز کو، جان لیں یعنی المسیح کو،
3 المسیح میں ہی حِکمت اَور علم و عِرفان کے سَب خزانے پوشیدہ
ہیں۔
4 میں یہ اِس لئے کہتا ہُوں تاکہ کوئی تُمہیں جھُوٹی دلیلوں سے گُمراہ
نہ کر دے۔
5 اگرچہ میں جِسمانی طور پر تُم سے دُور ہُوں مگر رُوحانی طور پر
تمہارے نزدیک، اَور یہ دیکھ کر خُوش ہوتا ہُوں کہ تُم کتنی مُنظّم
زندگی گزارتے ہو، اَور تمہارا المسیح پر ایمان کتنا پُختہ ہے۔

### المسیح میں رُوحانی زندگی

6 پس جَب تُم نے المسیح یِسوعؔ کو اَپنا خُداوؔند قبُول کر لیا ہے، تو
اَب المسیح میں زندگی بھی گُزارو،
7 اَور المسیح میں جڑ پکڑتے اَور اَپنی زندگی تعمیر کرتے جاؤ، اَور
جِس طرح تُم نے تعلیم پائی ہے اُسی طرح ایمان میں مضبُوط رہو، اَور
خُدا کی بےحد شُکر گُزاری کیا کرو۔
8 خبردار، کوئی شخص تُمھیں اُن فَلسفیانہ اَور پُر فریب خیالات کا
شِکار نہ بنانے پائے، جِن کی بُنیاد المسیح پر نہیں بَلکہ اِنسانی روایتوں
اَور دُنیوی اِبتدائی باتوں پر ہے۔
9 کیونکہ اُلُوہیّت کی ساری معمُوری المسیح میں مُجسّم ہوکر سکونت
کرتی ہے،
10 اَور تُمھیں المسیح کی معمُوری میں شریک کر دیا گیا ہے۔ وُہی ہر
طرح کی حُکمرانی اَور اِختیار والے کا سَر ہیں۔
11 المسیح میں تمھارا اَیسا ختنہ ہُوا ہے جو اِنسانی ہاتھ کا نہیں۔ بَلکہ
المسیح کے وسیلہ سے تمھاری پُرانی گُناہ آلُودہ اِنسانیّت کو تُم سے جُدا کر
دیا گیا،
12 جَب تُم پاک غُسل لے کر گویا المسیح کے ساتھ دفن ہو گیٔے،
اَور تُم ایمان کے ذریعہ زندہ بھی کیٔے گئے کیونکہ تُم خُدا کی اُس قُدرت
پر ایمان لائے، جِس نے المسیح کو مُردوں میں سے زندہ کیا۔
13 اَور تُم تو اَپنے گُناہوں اَور نامختون جِسمانی حالت کی وجہ سے
مُردہ تھے لیکن خُدا نے المسیح کے ساتھ تُمھیں بھی زندہ کر دیا۔ اَور
اُس نے ہمارے سارے قُصُور مُعاف کر دیٔے،

14 اَور اَحکام کے قانُونی دستاویز کو جو ہمارے خِلاف لکھے گئے
تھے، اَور ہمیں مُجرم ٹھہراتے تھے اُسے المسیح نے موقُوف کرکے صلیب
پر کیلوں سے جڑ کر، ہماری نظروں سے دُور کر دیا۔
15 اَور خُدا نے رُوحانی حُکمرانوں اَور اِختیار والوں کے اسلحہ کو
چھین کر اُن کا اعلانیہ تماشا بنایا، اَور المسیح نے صلیب* کے سبب سے
اُن پر ظفریابی کا شادِیانہ بجایا۔

## اِنسانی قوانین سے آزادی

16 پس کسی کو موقع نہ دو کہ وہ تمہارے کھانے پینے، مَذہَبی
تہوار منانے، نئے چاند یا سَبت منانے کے بارے میں تُمہیں قُصُوروار
ٹھہرائے۔
17 یہ سَب چیزیں تو صِرف مُستقبِل میں آنے والی حقیقت کا سایہ
ہیں؛ مگر، المسیح تو خُود ہی حقیقت ہیں۔
18 اگر کوئی شخص ظاہری خاکساری اَور فرشتوں کی عبادت کرنے
سے خُوش ہوتاہے۔ اَیسا شخص بڑی تفصیل سے اَپنی رُویاؤں میں دیکھی
ہُوئی چیزوں کا بَیان کرتا ہے، اَور اَپنی غَیر رُوحانی عقل پر بے فائدہ
پھُول جاتا ہے۔
19 وہ شخص سَر یعنی المسیح سے اَپنا تعلّق کھو بیٹھتا ہے جِس سے
سارا بَدن جوڑوں اَور پَٹّھوں کے وسیلہ سے پرورِش پا کر، اَور باہم پیوستہ
ہوکر، خُدا کی مرضی کے مُطابق بڑھتا چلا جاتا ہے۔

* **2:15** صلیب یا اُنہُوں نے خُود ہی

20 جَب تُم المسیح کے ساتھ اِس دُنیا کی رُوحانی قُوّتوں کے لِئے، مَر
چُکے ہو تو اَب دُنیاداروں کی طرح، زندگی کیوں گزارتے ہو؟ گویا تُم
ابھی بھی دُنیا کے اَحکام کے تابع ہو مثلاً:
21 ”اِسے ہاتھ نہ لگانا! اُسے نہ چکھنا! اَور اُسے نہ چھُونا؟“
22 یہ اُصُول صِرف اِنسانی اَحکام اَور تعلیمات ہیں، اَور یہ ساری
چیزیں اِستعمال ہوکر فنا ہو جاتی ہیں۔
23 یہ خُود ساختہ عبادت، قاعدے اَور قانُون ظاہری میں تو مَعقُول
لگتے ہیں، کیونکہ اِن میں جِسمانی رِیاضت اَور ظاہری فروتنی پر زور
دیا گیا، مگر جِسمانی خواہشوں پر قابُو پانے میں اِن سے کوئی مدد نہیں
ملتی۔

# 3

## المسیح میں نئی طرزِ زندگی

1 لہٰذا جَب تُم المسیح کے ساتھ زندہ کِئے گیٔے تو عالَمِ بالا کی چیزوں
کی جُستُجو میں رہو، جہاں المسیح خُدا کی داہنی طرف تخت نشین
ہیں۔
2 عالَمِ بالا کی چیزوں کے خیال میں رہو، نہ کہ زمین پر کی چیزوں
کے۔
3 کیونکہ تُم مَر گیٔے، اَور اَب تمہاری زندگی المسیح کے ساتھ خُدا میں
پوشیدہ ہے۔
4 اَور جَب المسیح جو ہماری زندگی ہیں، ظاہر ہوں گے، تو تُم بھی
اُن کے ساتھ اُن کے جلال میں ظاہر کِئے جاؤگے۔

5 پس تُم اَپنی دُنیوی فطرت کو مار ڈالو مثلاً: جنسی بدفعلی، ناپاکی،
شہوت پرستی، بُری خواھشات اَور لالچ کو جو بُت پرستی کے برابر ھے۔
6 کیونکہ اِن ھی کے سبب سے، خُدا کا غضب نازل ھوتاھے۔
7 ایک وقت تھا، جَب تُم بھی اَپنی پچھلی زندگی اِسی طرح کی غُلامی
میں گزارتے تھے۔
8 مگر اَب اِن سَب چیزوں کو: یعنی غُصّہ، قہر، کینہ، کُفر اَور اَپنے
مُنہ سے گالی بکنا چھوڑ دو۔
9 ایک دُوسرے سے جھُوٹ مت بولو، کیونکہ تُم نے اَپنی پُرانی فطرت
کو اُس کی بُری عادتوں سمیت اُتار پھینکا ھے
10 اَور نئی اِنسانیّت کو پہن لیا ھے، جسے خُدا نے اَپنی صورت پر
پیدا کیا ھے تاکہ تُم اُس کے عِرفان میں بڑھتے اَور اُس کے مانند بنتے
جاؤ۔
11 چنانچہ اِس نئی زندگی میں نہ تو کوئی یُونانی ھے نہ یہُودی، نہ ختنہ
والا نہ نامختون، نہ وحشی نہ سکوتی، نہ غُلام نہ آزاد، صِرف المسیح ھی
سَب کچھ اَور سَب میں اھم ھیں۔
12 پس خُدا کے مُنتخب کِئے ھُوئے مُقدّس اَور عزیز برگُزیدوں کی
طرح ترس، مہربانی، فروتنی، نرمی اَور تحمُّل کا لباس پہن لو۔
13 ایک دُوسرے کی برداشت کرو اَور ایک دُوسرے کو مُعاف
کرو اگر کسی کو کسی سے شکایت ھے۔ اُسے وَیسے ھی مُعاف کرو
جَیسے خُداوَند نے تُمھیں مُعاف کیا ھے۔
14 اَور اِن سَب خُوبیوں سے بڑھ کر مَحَبّت کو پہن لو، جو سَب کچھ
ایک ساتھ باندھ کر کامل اِتّحاد قائم کرتی ھے۔

15 المسیح کا اِطمینان تمھارے دِلوں پر حُکومت کرے، جِس کے
لِئے تُم ایک ھی بَدن کے اَعضا ھونے کی حیثیت سے خُدا کے ذریعه
بُلائے گئِے ھو، اَور تُم شُکر گزاری بھی کرتے رھو۔
16 المسیح کے کلام کو اَپنے دِلوں میں کثرت سے بسنے دو اَور پُوری
دانائی کے ساتھ ایک دُوسرے کو تعلیم دو اَور نصیحت کرتے رھو،
اَور اَپنے دِلوں میں خُدا کی شُکر گُزاری کرتے ھوئے زبُور، حَمد و ثنا
اَور رُوحانی غزلیں گایا کرو۔
17 اَورجو کچھ تُم کہتے یا کرتے ھو وہ سَب خُداوَند یِسوعؔ کے نام
سے کرو، اَور خُدا باپ کا شُکر کرتے رھو۔

## مسیحی خاندانوں کے لِئے ھدایات

18 اَے بیویو! خُداوَند میں مُناسب ھے که تُم اَپنے شوھروں کی تابع
رھو۔
19 اَے شوھروں! اَپنی بیویوں سے مَحبّت رکھو اَور اُن پر سختی نه کرو۔
20 اَے بچّو! تمھارا فرض ھے که ھر بات میں والدین کے فرمانبردار
رھو، کیونکه خُداوَند کو یه پسند ھے۔
21 اَے اَولاد والو! اَپنے بچّوں پر اِتنی بھی سختی نه کرو که وہ بے
دِل ھو جائیں۔
22 اَے غُلاموں! سَب باتوں میں اَپنے دُنیوی مالکوں کے فرمانبردار
رھو؛ نه صِرف ظاھری طور پر اُنہیں خُوش کرنے کے لِئے خدمت کرو،
بَلکه اُسے خُوش دِلی سے اَور خُداوَند کا خوف مانتے ھوئے اَنجام دو۔

23 جو بھی کام کرو اُسے دِل و جان سے کرو، گویا یہ جان کر کہ
خُداوؔند کے لِئے کر رہے ہو، نہ کہ کسی اِنسان کے لِئے۔
24 کیونکہ تُم جانتے ہو کہ خُداوؔند تُمھیں اِس کے عوض میں وعدہ
کی ہُوئی مِیراث دے گا۔ کیونکہ تُم واقعی المسیح کی خدمت کر رہے
ہو۔
25 لیکن ہر کوئی جو بدی کرتا ہے اَپنی بدی کا بدلہ پائے گا، کیونکہ
خُدا کسی کی طرفداری نہیں کرتا۔

# 4

1 اَے مالِکو! اَپنے غُلاموں کے ساتھ جائز اَور منصفانہ سلُوک کریں،
کیونکہ تُم جانتے ہو کہ آسمان پر تمھارا بھی ایک مالک ہے۔

## مزید ہدایات

2 محتاط ہوکر، اَور شُکر گُزاری کے ساتھ دعا کرنے میں مشغُول رہو۔
3 اَور ہمارے لِئے بھی دعا کرو، تاکہ خُدا ہمارے لئے کلام سُنانے
کا دروازہ کھول دے اَور ہم المسیح کے پیغام کے اُس راز کو بَیان
کر سکیں، جِس کی وجہ سے میں زنجیروں سے جکڑا ہُوں۔
4 دعا کرو کہ میں اُسے صَاف گوئی سے بَیان کر سکوں، جَیسا کہ
مُجھے کرنا لازِم ہے۔
5 ہر موقع کو غنیمت سمجھ کر، غَیر مسیحیوں کے ساتھ دانشمندانہ
سلُوک کرو۔
6 تمھاری گُفتگو اَیسی پُرفضل اَور پُر کشش ہو، تاکہ تُم ہر شخص
کو مُناسب جَواب دے سکو۔

## سلام و مُبارکبادی

7 عزیز بھائی تُخِکسؔ جو وفادار خادِم اَور خُداوؔند میں ھم خدمت
رھاھے، میرا سارا حال تُمھیں بَیان کرے گا۔
8 میں اُسے تمھارے پاس اِس غرض سے بھیج رھا ھُوں تا کہ تُمھیں
ھمارا* سارا حال مَعلُوم ھو جائے اَور وہ تمھارے دِلوں کو تسلّی دے
سکے۔
9 وہ اُنیسمُسؔ ھمارے وفادار اَور عزیز بھائی کے ساتھ آ رھاھے، جو
تمھاری ھی جماعت سے ھے۔ یہ دونوں تُمھیں یہاں کا سارا حال بیَان کر
دیں گے۔

10 اِرسترخُسؔ جو میرے ساتھ قَید میں ھے تُمھیں سلام کہتاھے
اَور مرقُسؔ، جو بَرنباسؔ کا چچیرا بھائی ھے تُمھیں سلام کہتاھے۔ )تُمھیں
مرقُسؔ کے بارے میں ھدایات دی جا چُکی ھے؛ اگر وہ تمھارے پاس
آئے، تو اُس کا خیرمقدم کرنا(۔
11 اَور یِسوعؔ جو یُوستُسؔ بھی کہلاتا ھے، تُمھیں سلام کہتاھے۔
مختون† یہُودی مسیحیوں میں سے صِرف یہی تین شخص ھیں جو خُدا کی
بادشاھی کا پیغام پھیلانے میں میرے ھم خدمت، اَور میری تسلّی کا
باعث رھے ھیں۔
12 المسیح یِسوعؔ کا خادِم اِپفراسؔ بھی، جو تمھاری ھی جماعت سے
ھے تُمھیں سلام کہتاھے۔ وہ بڑی جانفشانی سے تمھارے لِئے دعا کرتا

* **4:8** ھمارا کچھ مخطوطات میں تمھارا درج ھے۔ † **4:11** مختون ختنہ کیا ھُوا

ہے کہ تُم کامِل بنو، اَور ایمان کی پُوری پُختگی سے خُدا کی مرضی کے
مُطابق چلو۔
13 میں خُود اُس کے حق میں گواہی دیتا ہُوں کہ وہ تمہارے اَور
لَودِیکیہؔ اَور ہیِراپُلسؔ شہروں کے لوگوں کے لِئے کِس قدر محنت کرتا
ہے۔
14 ہمارے عزیز طبیب، لُوقا، اَور دیماسؔ تُمہیں سلام کہتے ہیں۔
15 لَودِیکیہؔ شہر کے مسیحی بھائیوں اَور بہنوں کو، اَور بہن نُمفاسؔ
اَور اُس کے گھر کی جماعت کو میرا سلام کہنا۔

16 جَب تُم یہ خط پڑھ چُکو تو دیکھنا کہ یہ لَودِیکیہؔ کی جماعت میں
بھی پڑھا جائے اَور لَودِیکیہؔ سے آئے اُس خط کو تُم بھی پڑھ لینا۔

17 اَرخِپُّسؔ سے کہنا: ”جو خدمت خُداوؔند نے تمہارے سُپرد کی
ہے وہ اُسے ہوشیاری سے اَنجام دے۔“

18 میں پَولُسؔ اَپنے ہاتھ سے یہ سلام لِکھتا ہُوں۔ یہ مت بھُولنا کہ
میں زنجیروں میں جکڑا یعنی قَیدخانہ میں ہُوں۔ خُدا کا فضل تُم پر ہوتا
رہے۔

# ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: Biblica® ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

Biblica® ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ™
اِشاعت حق © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https://creativecommons.org/licenses/by-sa/4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
Biblica® ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ™
اِشاعت حق © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" اَور ریاست ہائے متحدہ کے حُقُوق کی سند اَور رجسٹرڈ تجارتی ذریعہ کے Biblica Inc جاتاہے۔ کیا اسیعمال ساتھ کے اجازت وہھیں۔ درج میں دفتر نشان
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

- You include the above copyright and source information.
- If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.
- If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f